تیسری سہ ماہی	**جماعت: سوم**	**مضمون: واقفیتِ عامہ**	**سبقی منصوبہ بندی: 1**
اُستاد کا نام: ______	**ہفتہ: 9**	**تاریخ: ______**	**وقت: 40 منٹ**

سبق کا نام: حفاظت

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- محتاط اور محفوظ رہنے کے طریقوں کو سمجھ سکیں۔
- چند عام آفات کو جان کر ان سے محفوظ رہنے کے طریقے سمجھ سکیں۔
- یہ سمجھ سکیں کہ کسی بھی غیر متوقع صورت حال سے نمٹنے کے لیے انھیں اپنے والدین، اساتذہ اور سرپرستوں سے کچھ نہیں چھپانا چاہیے۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''حفاظت'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- بجلی کے آلات کو استعمال کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 92-93 سے متن کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو گھریلو، آلات، بجلی اور گیس کے درست استعمال کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔
- طلبہ کو گھر کے باہر حفاظتی تدابیر سے آگاہ کریں۔
- طلبہ کو بتائیں بجلی کی لائنوں اور کھمبوں کے قریب مت جائیں۔ انھیں بتائیں بجلی 186,000 میل فی سیکنڈ کی رفتار سے سفر کرتی ہے۔ اس لیے اس کے اثرات فوری محسوس کیے جاتے ہیں۔
- طلبہ سے کہیں کسی ایسے شخص سے کوئی چیز مت لیں جسے آپ جانتے نہ ہوں۔

- طلبہ کو مزید تفصیل دیتے ہوئے بتائیں کہ اگر آپ کو کوئی چھوئے جس پر آپ کو اچھا محسوس نہ ہو تو اُسے منع کریں یا اپنے والدین کو بتائیں۔

اعادہ: **2منٹ**

سبق کے اہم نکات کا خلاصہ دہرائیں۔

جائزہ: **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (ii) سوال سے پوچھیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

سرگرمی برائے طلبہ: **5منٹ**

طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 96 پر دی ہوئی تصاویر پر بات چیت کریں اور یہ بھی بتائیں کہ اگر ہمارے سامنے ایسی صورت آجائے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ اس کے بعد طلبہ سے فرداً فرداً ہر تصویر کے بارے میں تفصیلات بتانے کا کہیں۔

ورک شیٹ (ہوم ورک)

نام: ____________	**مضمون: واقفیتِ عامہ**	**سبق: حفاظت**

سوال نمبر 1: ہمیں اپنی حفاظت کے لیے جن حفاظتی تدابیر پر عمل کرنا چاہیے اُن پر "✓" کا نشان لگائیں۔


○
ہمیں سڑک پر دوڑنا چاہیے۔


○
ہمیں جلتے ہُوئے چولہے کو ہاتھ نہیں لگانا چاہیے۔


○
سڑک ہمیشہ زیبرا کراسنگ سے پار کرنی چاہیے


○
کسی کو دھکا نہیں دینا چاہیے۔


○
بالکونی سے نیچے نہیں لٹکنا چاہیے۔


○
تیز دھار چِیزوں سے کھیلنا چاہیے۔


○
ہمیشہ فٹ پاتھ پر چلنا چاہیے۔


○
بجلی کی تار کو گِیلے ہاتھوں سے نہیں چُھونا چاہیے۔

سوال نمبر 2: بجلی کے استعمال سے متعلق چند احتیاطی تدابیر لکھیں۔

جواب: ____

____

____

____

____

____

____

تیسری سہ ماہی	جماعت: سوم	مضمون: واقفیتِ عامہ	سبقی منصوبہ بندی: 2
اُستاد کا نام: ____	ہفتہ: 9	تاریخ: ______	وقت: 40 منٹ

سبق کا نام: حفاظت

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- محتاط اور محفوظ رہنے کے طریقوں کو سمجھ سکیں۔
- چند عام آفات کو جان کر ان سے محفوظ رہنے کے طریقے سمجھ سکیں۔
- یہ سمجھ سکیں کہ کسی بھی غیر متوقع صورت حال سے نمٹنے کے لیے انھیں اپنے والدین، اساتذہ اور سرپرستوں سے کچھ نہیں چھپانا چاہیے۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ”حفاظت“ نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- قدرتی آفت سے کیا مراد ہے؟
- قدرتی آفت میں کیا کرنا چاہیے؟

طلبہ کو جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 93-94 سے متن پڑھنے کو کہیں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے اُن کی رہنمائی کریں۔
- اہم الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو آفت کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں بعض اوقات دُنیا میں کوئی حادثہ رونما ہوتا ہے جس سے بڑے پیمانے پر انسانی جانیں، عمارتیں اور وسائل تباہ ہو جاتے ہیں۔ اس حادثے کو آفت کہتے ہیں۔

- آفت انسانی سرگرمیوں کی لاپرواہی اور غلطی کی وجہ سے بھی رونما ہو سکتی ہے۔ مثلاً دھماکے، آتشزدگی اور صنعتی حادثے وغیرہ۔
- انھیں بتائیں آفت قدرتی طور پر بھی ہو سکتی ہے۔ یہ آفات وہ ہیں جن میں انسانی عمل دَخل نہیں ہوتا۔ ان میں زلزلے، سیلاب، سونامی، آتش فشاں وغیرہ ہیں۔ طلبہ کو بتائیں یہ کم وقت میں زیادہ تباہی مچاتی ہیں۔
- طلبہ کو سبق میں ”کیا آپ جانتے ہیں؟“ کے تحت جملہ پڑھنے کو کہیں اور اس کی وضاحت کریں۔

مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ

الفاظ	پڑھانے کا طریقہ	معانی
رُونما	رونما	ظاہر ہونا
پیش گوئی	پیش گوئی	ظہور سے پہلے کسی بات کی خبر دینا

اعادہ: 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

جائزہ: 6منٹ

مشق جزو (ا) کا سوال (iv) اور (۵) طلبہ سے مل کروائیں۔

گھر کا کام: 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ

طلبہ سے کہیں اگر آپ سے شیشے کا جگ یا گلاس ٹوٹ جائے تو آپ شیشے کے ٹکڑے اُٹھانے کے لیے کیا کریں گے اپنے ساتھیوں سے تبادلہ خیال کریں۔

تیسری سہ ماہی	**جماعت: سوم**	**مضمون: واقفیتِ عامہ**	**سبقی منصوبہ بندی: 3**
اُستاد کا نام: ____	**ہفتہ: 9**	**تاریخ: ______**	**وقت: 40 منٹ**

سبق کا نام: حفاظت

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- محتاط اور محفوظ رہنے کے طریقوں کو سمجھ سکیں۔
- چند عام آفات کو جان کر ان سے محفوظ رہنے کے طریقے سمجھ سکیں۔
- یہ سمجھ سکیں کہ کسی بھی غیر متوقع صورت حال سے نمٹنے کے لیے انھیں اپنے والدین، اساتذہ اور سرپرستوں سے کچھ نہیں چھپانا چاہیے۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''حفاظت'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- قدرتی آفات کے اثرات کو کن طریقوں سے کم کیا جا سکتا ہے؟
- قدرتی آفات سے کیا مراد ہے؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں صفحہ نمبر 94 کی دہرائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں سب سے زیادہ حادثاتی اموات آگ لگنے سے ہوتی ہیں۔
- انھیں بتائیں قدرتی آفات بہت بڑے پیمانے پر انسانی زندگیوں، جان داروں اور وسائل کی تباہی کا باعث بنتی ہیں۔
- قدرتی آفات کو روکا نہیں جا سکتا لیکن ان کے اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

- اس کے علاوہ طلبہ کو قدرتی آفات کے بارے میں روزمرہ مثالیں دے کر سمجھائیں۔
- طلبہ کو احتیاطی تدابیر سے آگاہ کریں۔
- طلبہ کو قدرتی آفات کے بارے میں ویڈیوز دکھائیں اور ان کے اثرات سے نمٹنے کے لیے معلومات فراہم کریں۔

اعادہ: **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

جائزہ: **6منٹ**

قدرتی حادثات کی صورت میں ہمیں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

سرگرمی برائے طلبہ: **5منٹ**

طلبہ کو کمپیوٹر لیب میں لے جائیں اور ان کو قدرتی آفات کی ویڈیوز دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ اس صورت میں طلبہ کیا کریں گے۔ طلبہ سے جواب لیں اور ان کی اصلاح کریں۔